# UGC NET PAPER 3 JANUARY 03, 2017 SHIFT 1 URDU QUESTION PAPER

**Note :** This paper contains **seventy five** (75) objective type questions of **two** (2) marks each. **All** questions are compulsory.

اس پرچے میں پچھتر (75) معروضی سوالات ہیں، جن میں ہر ایک کے لیے دو (2) نمبر مختص ہیں۔
تمام سوالات کے جواب مطلوب ہیں۔

1. دکن میں اردو کے اوّلین نمونے ہمیں کس دور میں ملتے ہیں؟

(1) بہمنی دور (2) عادل شاہی دور

(3) قطب شاہی دور (4) آصف جاہی دور

2. ہریانوی کا دوسرا نام کیا ہے؟

(1) مغربی ہندی (2) بانگرو

(3) پنجابی (4) قنوجی

3. ''بھاگ متی'' کس مثنوی کا کردار ہے؟

(1) قطب مشتری (2) گلزار نسیم

(3) سحرالبیان (4) زہر عشق

4. موت سے کس کو رستگاری ہے آج وہ کل ہماری باری ہے

یہ شعر کس مثنوی کا ہے؟

(1) سحرالبیان (2) گلزار نسیم

(3) زہر عشق (4) شعلۂ عشق

www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide

.5 ذیل میں ایک دعویٰ اور اس کی ایک دلیل دی گئی ہے۔ اسے غور سے پڑھیے اور صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے :

دعویٰ : ترقی پسند تحریک نے اُردو شعروادب کو ایک نئی سوچ دی۔

دلیل : اس تحریک نے رجعت پرستی کے خلاف صدائے احتجاج بلند کی۔

(1) دعویٰ غلط ہے مگر دلیل صحیح ہے۔

(2) دعویٰ بھی غلط ہے اور دلیل بھی غلط ہے۔

(3) دعویٰ صحیح ہے اور دلیل بھی صحیح ہے۔

(4) دعویٰ صحیح ہے مگر دلیل غلط ہے۔

.6 ''تضحیکِ روزگار'' کس قسم کا قصیدہ ہے؟

(1) ہجویہ (2) فخریہ

(3) وعظیہ (4) خطابیہ

.7 ذیل کے شعر میں وہ کون سا لفظ ہے جس میں ایہام ہے؟

میکش کو ہوس ایاغ کی ہے پروانے کو لَو چراغ کی ہے

(1) میکش (2) پروانہ

(3) ایاغ (4) لَو

.8 پطرس بخاری کا اصل نام کیا تھا؟

(1) سید اسداللہ بخاری (2) سید احمد شاہ بخاری

(3) سید محمد شاہ بخاری (4) سید سجاد احمد بخاری

.9 مصحفی کے تحریر کردہ تذکرے کا نام کیا ہے؟

(1) خوش معرکۂ زیبا (2) گلشنِ ہند

(3) عِقدِ ثریا (4) مجموعۂ نغز

www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide

10. ''ننھی کی نانی'' کس لقب سے یاد کی گئی تھی ؟

(1) آمنہ بی
(2) سکینہ بی
(3) افشاں
(4) بسم اللہ کی ماں

11. ''جہانِ غالب'' کس کی کتاب ہے ؟

(1) کالی داس گپتا رضا
(2) علی سردار جعفری
(3) خورشید الاسلام
(4) قاضی عبدالودود

12. کس مثنوی کے ذیلی عنوانات شعر سے قائم کئے گئے ہیں ؟

(1) گلشنِ عشق
(2) خواب و خیال
(3) پھول بن
(4) علی نامہ

13. شبلی کی نظم ''صبح امید'' کو مسدس حالی پر ترجیح دینے والا نقاد کون ہے ؟

(1) آل احمد سرور
(2) کلیم الدین احمد
(3) احتشام حسین
(4) شمس الرحمٰن فاروقی

14. ''اُردو شاعری میں ایک کیٹس پیدا ہوا تھا جسے ترقی پسند بھیریے اٹھا لے گئے۔''
جعفر علی خاں اثر نے کس شاعر کے تعلق سے یہ کہا تھا ؟

(1) فیض
(2) مجاز
(3) مخدوم
(4) مجروح

15. ترقی پسند مصنفین کی دوسری کل ہند کانفرنس کی صدارت کس نے کی تھی ؟

(1) سجاد ظہیر
(2) پریم چند
(3) مُلک راج آنند
(4) سروجنی نائیڈو

Prepp Your Personal Exam Guide

www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide

.16 مثنوی ''کدم راؤ پدم راؤ'' میں کدم راؤ کہاں کا راجا ہے؟

(1) محبوب گڑھ (2) ہیرانگر

(3) رام نگر (4) کدم گڑھ

.17 نظم ''شمع و شاعر'' اقبال کے کس مجموعے میں شامل ہے؟

(1) بال جبریل (2) ضرب کلیم

(3) بانگِ درا (4) ارمغان حجاز

.18 ''فانی یاسیت کے امام ہیں۔'' یہ قول کس کا ہے؟

(1) رشید احمد صدیقی (2) کلیم الدین احمد

(3) احتشام حسین (4) آل احمد سرور

.19 ڈراما 'انارکلی' میں انارکلی کی بہن کا کیا نام ہے؟

(1) عنبر (2) ثریا

(3) نوشابہ (4) طاہرہ

.20 کلیاتِ سراج کو پہلی بار ترتیب دے کر کس نے شائع کیا؟

(1) مولوی عبدالحق (2) محی الدین قادری زور

(3) عبدالقادر سروری (4) نصیرالدین ہاشمی

.21 ارے واہ صلح ہوئی تو کیا، وہی آگ دل میں بھری رہی

وہی خو رہی وہی بُو رہی وہی فطرتِ بشری رہی

اس شعر کا خالق کون ہے؟

(1) سراج اورنگ آبادی (2) یگانہ چنگیزی

(3) خواجہ میر درد (4) شاد عظیم آبادی

www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide

.22 خالق نے دیے تھے چار فرزند    دانا، عاقل، ذکی، خردمند
اس شعر میں کون سی صنعت ہے؟
(1) ترصیع    (2) تنسیق الصفات
(3) لف ونشر مرتب    (4) مراعات النظیر

.23 پریم چند کے افسانہ ''مالکن'' میں شیوداس اور رام پیاری کا رشتہ کیا ہے؟
(1) سسُر اور بہو کا    (2) باپ اور بیٹی کا
(3) میاں اور بیوی کا    (4) بھائی اور بہن کا

.24 ذیل میں ایک دعویٰ اور اس کی ایک دلیل دی گئی ہے۔ اسے غور سے پڑھیے اور صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے :
دعویٰ : قلعۂ معلّٰی میں ابتداً ذوق دہلوی کو مرزا غالب سے بڑا شاعر تسلیم کیا جاتا تھا۔
دلیل : ذوق دہلوی نے کثرت سے غزلیں کہی ہیں۔
(1) دعویٰ غلط ہے مگر دلیل صحیح ہے۔
(2) دعویٰ صحیح ہے مگر دلیل غلط ہے۔
(3) دعویٰ بھی صحیح ہے اور دلیل بھی صحیح ہے۔
(4) دعویٰ بھی غلط ہے اور دلیل بھی غلط ہے۔

.25 ناول ''امراؤ جان ادا'' میں امراؤ کا پہلا مجرا کہاں ہوا تھا؟
(1) دلارام کی بارہ دری میں
(2) نواب جعفر علی خاں کے یہاں
(3) نواب محمود علی خاں کے یہاں
(4) نواب شجاعت علی خاں کے یہاں

.26 نظم طباطبائی کا اصل نام کیا ہے؟
(1) سید امیر علی    (2) سید حیدر علی
(3) سید امجد علی    (4) سید سراج علی

www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide

27. سرسید نے اپنی کتاب ''آئین اکبری'' پر تقریظ لکھنے کی فرمائش کس سے کی تھی ؟

(1) شبلی
(2) حالی
(3) مولانا صہبائی
(4) غالب

28. قرۃ العین حیدر کے کس افسانے کے کردار نصرت الدین، آغا فرہاد بیگ اور تمارا خان ہیں ؟

(1) ستاروں سے آگے
(2) شیشے کے گھر
(3) نظارہ درمیاں ہے
(4) یہ غازی یہ تیرے پُر اسرار بندے

29. ناسخ سے اوسط علی رشک کا کیا رشتہ تھا ؟

(1) بھانجے
(2) شاگرد
(3) متبنیٰ
(4) فرزند

30. ''عمدہ منتخبہ'' کیا ہے ؟

(1) انتخاب اشعار
(2) علم بیان پر مبنی کتاب
(3) تذکرہ شعرائے اردو
(4) صوفیائے کرام کے ملفوظات

31. ''عدلِ جہانگیر'' کس کی نظم ہے ؟

(1) سرور جہان آبادی
(2) نظم طباطبائی
(3) حالی
(4) شبلی

32. ''ایک روپیہ ایک پھول'' کس کا افسانہ ہے ؟

(1) کرشن چندر
(2) حیات اللہ انصاری
(3) خواجہ احمد عباس
(4) راجندر سنگھ بیدی

Prepp Your Personal Exam Guide

www.prepp.in
Prepp
Your Personal Exams Guide

33. ''مجاور'' حبیب تنویر کے کس ڈرامے کا کردار ہے؟

(1) چرن داس چور
(2) آگرہ بازار
(3) شطرنج کے مہرے
(4) مٹی کی گاڑی

34. ''ہندوستان چھوڑ دو'' کس کا افسانہ ہے؟

(1) عصمت چغتائی
(2) قرۃ العین حیدر
(3) خواجہ احمد عباس
(4) کرشن چندر

35. ''گرد آفرید'' آغا حشر کے کس ڈرامے کا کردار ہے؟

(1) ترکی حور
(2) مرید شک
(3) یہودی کی لڑکی
(4) رستم سہراب

36. آپ کے عنایت نامے کے آنے سے تین طرح کی خوشی مجھ کو حاصل ہوئی - ایک تو یہ کہ آپ نے مجھ کو یاد کیا، دوسرے آپ کی طرزِ عبارت مجھ کو پسند آئی، تیسرے آپ حضرت علامہ عبدالجلیل اور آزاد مغفور کی یادگار ہیں اور میں ان کے حسنِ کلام کا معتقد۔

مرزا غالب نے یہ عبارت اپنے خط میں کس کو لکھی ہے؟

(1) مرزا حاتم علی مہر
(2) یوسف مرزا
(3) غلام حسین بلگرامی
(4) مولانا عباس رفعت

37. وَلی کے نہ تھے کوچے اوراق مصور تھے
جو شکل نظر آئی تصویر نظر آئی

یہ شعر کس شاعر کا ہے؟

(1) مومن خاں مومن
(2) مرزا غالب
(3) میر تقی میر
(4) داغ دہلوی

www.prepp.in

38. ”ترانہ“ کس کی رباعیات کا مجموعہ ہے؟

(1) فراق
(2) رواں
(3) جوش
(4) یگانہ

39. کس طرح سے ہو تسکینِ شوق کیسا رنگ
ملیں گے آج ہم اُن سے، رقیب سے مل کے
یہ شعر کس ناول میں درج ہے؟

(1) توبتہ النصوح
(2) امراؤ جان ادا
(3) ذات شریف
(4) ٹیڑھی لکیر

40. انجمن پنجاب لاہور کے تحت پہلا مشاعرہ کب ہوا تھا؟

(1) یکم مئی 1874
(2) 8 مئی 1874
(3) 10 مئی 1874
(4) 15 مئی 1874

41. کس شاعر نے شاعری کو نگینے جڑنے سے مشابہ قرار دیا ہے؟

(1) آرزو لکھنوی
(2) شاد عظیم آبادی
(3) آتش لکھنوی
(4) ناسخ

42. افسانہ ”بدنصیب ماں“ میں پنڈت اجودھیاناتھ کے کتنے لڑکے ہیں؟

(1) دو
(2) تین
(3) چار
(4) پانچ

43. نقش فریادی ہے کس کی شوخیِ تحریر کا
کاغذی ہے پیرہن ہر پیکرِ تصویر کا
یہ شعر کس بحر میں ہے؟

(1) کامل مثمن سالم
(2) رمل مثمن محذوف
(3) رمل مثمن مخبون محذوف مقطوع
(4) رمل مسدس مخبون محذوف

44. ''سب رس'' میں کون سا کردار قلعۂ ہجراں میں زندگی گزارنے کے ساتھ وصلِ محبوب کی دعائیں بھی مانگتا ہے؟

(1) عشق
(2) عقل
(3) دل
(4) حُسن

45. ہم ہیں مشتاق اور وہ بیزار        یا الٰہی یہ ماجرا کیا ہے

اس شعر میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے؟

(1) حسنِ تعلیل
(2) تجاہلِ عارفانہ
(3) مراعات النظیر
(4) تضاد

46. کچھ قفس میں ان دنوں لگتا ہے جی        آشیاں اپنا ہوا برباد کیا

یہ شعر کس کا ہے؟

(1) غالب
(2) مومن
(3) ذوق
(4) میر

47. 'سری کنٹھ سنگھ' اور 'لال بہاری سنگھ' کس افسانے کے کردار ہے؟

(1) عشق پر زور نہیں
(2) جلاوطن
(3) بڑے گھر کی بیٹی
(4) میرا نام رادھا ہے

48. ''گلِ صد برگ'' کیا ہے؟

(1) خطوط کا مجموعہ
(2) خاکوں کا مجموعہ
(3) مضامین کا مجموعہ
(4) افسانوں کا مجموعہ

49. 'وصیت نامہ' کس مثنوی کا حصہ ہے؟
(1) قطب مشتری
(2) گلزار نسیم
(3) زہر عشق
(4) سحرالبیان

50. ''بھرے بازار'' کس کا افسانوی مجموعہ ہے؟
(1) سعادت حسن منٹو
(2) پریم چند
(3) حیات اللہ انصاری
(4) خواجہ احمد عباس

51. ''نشاطِ روح'' کس کا شعری مجموعہ ہے؟
(1) فانی
(2) اصغر
(3) حسرت
(4) جگر

52. لچھمی نرائن شفیق اورنگ آبادی کے تذکرے کا نام کیا ہے؟
(1) تذکرۂ ہندی
(2) تذکرۂ ریختہ گویاں
(3) مخزن نکات
(4) تذکرۂ چمنستانِ شعرا

53. ذیل میں کون سا زمرہ منٹو کے افسانوں پر مشتمل ہے؟
(1) ٹھنڈا گوشت، لحاف، کالی شلوار
(2) ٹوبہ ٹیک سنگھ، میرا نام رادھا ہے، چھوکری کی لوٹ
(3) کالی شلوار، ٹھنڈا گوشت، موذیل
(4) بابو گوپی ناتھ، نجات، نیا قانون

54. ڈراما ''انارکلی'' میں باب دوم کے منظر سوم کا عنوان کیا ہے؟
(1) شیش محل
(2) سلیم کا ایوان
(3) قلعۂ لاہور کا ایک ایوان
(4) انارکلی کا حجرہ

www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide

55. حالی کے نزدیک ''اصلیت'' سے کیا مراد ہے؟

(1) مضمون حقیقتِ نفس الامری پر مبنی ہو

(2) بیان میں اصلیت سے سرِ موتجاوز نہ ہو

(3) جس بات پر شعر کی بنیاد رکھی گئی ہو

(4) مضمون انسانی فطرت کے خلاف نہ ہو

56. مرشد کا مقولہ ہے اور میرا تجربہ کہ اگر انسان کو بدترین دشمن کی تلاش ہو تو اس کو اپنے عزیزوں میں مل جائیں گے اور بہترین دوست کی ضرورت ہو تو غیروں کا جائزہ لینا چاہیے۔

یہ عبارت ''مضامین رشید'' کے کس مضمون کا ابتدائیہ ہے؟

(1) مرشد (2) مثلث

(3) پاسبان (4) کارواں پیداست

57. ''رانی کیتکی کی کہانی'' میں کیتکی کے والد کا نام کیا ہے؟

(1) راجا سورج بھان سنگھ (2) کنور اودے بھان

(3) مہندر گر (4) راجا جگت پرکاش

58. مٹی ہیں گل جو اور کسی بوستاں کے ہیں
کانٹے عزیز گلشنِ ہندوستاں کے ہیں

یہ شعر کس کا ہے؟

(1) اقبال (2) جوش

(3) چکبست (4) اکبر الہ آبادی

59. شیفتہ اور غالب کی موت کس سنہ میں ہوئی؟

(1) 1869 (2) 1868

(3) 1867 (4) 1866

Prepp Your Personal Exam Guide

Prepp
Your Personal Exams Guide

.60 ''ہندوستان کے جس مایۂ ناز شاعر یعنی مولانا الطاف حسین حالی پانی پتی نے آج سے کئی برس پہلے یہ اشعار قلم بند کیئے تھے۔ اس کو کیا معلوم تھا کہ جوں جوں زمانہ گزرتا جائے گا اس کے المناک الفاظ روز بروز صحیح تر ہوتے جائیں گے۔ آج ہندوستان کی یہ حالت ہے۔ وغیرہ وغیرہ.....''

یہ اقتباس ''مضامین پطرس'' کے کس مضمون سے اخذ کیا گیا ہے؟

(1) مرحوم کی یاد میں
(2) سویرے جو کل آنکھ میری کھلی
(3) انجام بخیر
(4) مُریدپور کا پیر

.61 مثنوی گلزار نسیم پہلی بار کب شائع ہوئی ؟

(1) 1844
(2) 1852
(3) 1846
(4) 1842

.62 گل برگ کوئی اس کو کہے ہے کوئی یاقوت
ٹک ہونٹ ہلا تو بھی کہ اک بات ٹھہر جائے

یہ شعر کس کا ہے؟

(1) ولی
(2) سراج اورنگ آبادی
(3) میر تقی میر
(4) فائز دہلوی

.63 'سندرلال' اور 'لال چند' کس افسانے کے کردار ہے؟

(1) بھولا
(2) لاجونتی
(3) گرہن
(4) دانہ و دام

.64 مضامین پطرس کے کس مضمون میں ''اجنبی'' نام کا کردار شامل ہے؟

(1) میں ایک میاں ہوں
(2) انجام بخیر
(3) مرحوم کی یاد میں
(4) مرید پور کا پیر

.65 'کریمہ بیگم' کس ناول کا کردار ہے؟

(1) امراؤ جان ادا
(2) توبۃ النصوح
(3) لندن کی ایک رات
(4) آگ کا دریا

Prepp
Your Personal Exams Guide

66. ع ہنستے ہنستے رو دیا کرتے تھے سب بے اختیار
صحیح مصرعے سے شعر مکمل کیجیے۔
(1) چہرۂ ساقی نمایاں صاف پیمانے میں تھا
(2) اک نئی ترکیب کا دردا اپنے افسانے میں تھا
(3) مرتے مرتے ہوش باقی تیرے دیوانے میں تھا
(4) میں نہ تھا وحشی کوئی اس آئینہ خانے میں تھا

67. راجندر سنگھ بیدی ابتدا میں کس نام سے لکھتے تھے؟
(1) مُحسن لاہوری
(2) احسان لاہوری
(3) کسیر سنگھ
(4) مُکند سنگھ

68. تم مخاطب بھی ہو، قریب بھی ہو
تم کو دیکھیں کہ تم سے بات کریں
یہ شعر کس کا ہے؟
(1) فانی
(2) حسرت
(3) جگر
(4) فراق

69. ''اندازِ گل افشانیِ گفتار'' مجھ میں علی گڑھ کے ہی ''پیمانہ و صہبا'' سے آیا۔ کسی معقول اجنبی سے ملتا تو بے اختیار سوال کرتا ''علی گڑھ میں بھی پڑھا ہے۔'' وہ کہتا نہیں تو افسوس ہوتا، کیسی کمی رہ گئی۔''
یہ اقتباس ''مضامینِ رشید'' کے کس مضمون سے اخذ کیا گیا ہے؟
(1) سرگذشتِ عہدِ گل
(2) مغالطہ
(3) آمد میں آورد
(4) اپنی یاد میں

70. سرخ یوں ہے رنگ آسمانی لیے
کہ کھلیا کمل پھول پانی لیے
یہ کس مثنوی کا شعر ہے؟
(1) گلشنِ عشق
(2) قطب مشتری
(3) علی نامہ
(4) ہشت بہشت

Prepp
Your Personal Exams Guide

.71 مرزا دبیر کس کے شاگرد تھے؟

(1) میر خلیق (2) مصحفی

(3) میر ضمیر (4) میر ضاحک

.72 ''سب رس'' میں کون سا کردار گرفتاری کے بعد خود کو کیمیا گر بتاتا ہے؟

(1) رقیب (2) قامت

(3) غمزہ (4) نظر

.73 ذیل میں ایک دعویٰ اور اس کی ایک دلیل دی گئی ہے۔ اسے غور سے پڑھیے اور صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے :

دعویٰ : علامہ اقبال کو شاعرِ مشرق کہا جاتا ہے۔

دلیل : کیونکہ اقبال نے مشرقی فکر و فلسفہ کی ترجمانی کی ہے۔

(1) دعویٰ صحیح ہے اور دلیل غلط ہے۔

(2) دعویٰ غلط ہے اور دلیل صحیح ہے۔

(3) دعویٰ صحیح ہے اور دلیل بھی صحیح ہے۔

(4) دعویٰ غلط ہے اور دلیل بھی غلط ہے۔

.74 رشید احمد صدیقی اپنے کس مضمون میں ناول توبۃ النصوح کا ذکر کرتے ہیں؟

(1) اپنی یاد میں (2) پاسبان

(3) سرگزشتِ عہدِ گُل (4) سلام ہو نجد پر

.75 ''دیا جلے ساری رات'' کس کا افسانوی مجموعہ ہے؟

(1) کرشن چندر (2) خواجہ احمد عباس

(3) راجندر سنگھ بیدی (4) حیات اللہ انصاری

———————

www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide

Space For Rough Work

Prepp
Your Personal Exam Guide